© rasailojaraid.com



کتاب تقریباً چار سو تفصیلی عنوانوں کے تحت اسلامی عقائد اور معاشرتی معاملات سے متعلقہ احادیث کا ایسا بہترین انتخاب ہے کہ جس میں بعض شرکیہ و بدعیہ عادات کی تردید کردی گئی ہے اور توحید خالص نکھر کر سامنے آگئی ہے۔ بحیثیت مجموعی احادیث کا یہ گلدستہ قابل قدر تحفہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قریباً ہر حلقے میں اسے پسند کیا گیا ہے۔ چنانچہ ابتداء میں بارہ صفحات پر علماء کرام اور مدیران مجلات و جرائد کے تبصرے درج کردیئے گئے ہیں۔ ہر حدیث کے بعد عام فہم ترجمہ اور دل نشین تشریح بھی کردی گئی ہے۔ ہماری رائے میں گھریلو اصلاح کے لئے اس کتاب کا ہر گھر میں موجود ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ واعظوں اور خطیب حضرات کے لئے بے حد مفید ہے۔

**ارشادات حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ** | تالیف مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی

سائز کتابی۔ صفحات ۷۲۔ قیمت درج نہیں۔

مولانا موصوف نے اس کتاب میں حضرت شیخ عبدالقادر صاحب جیلانیؒ کے مختصر حالات لکھنے کے بعد انہی کے ارشادات کو اچھی ترتیب اور مناسب عنوانوں سے جمع کردیا ہے تاکہ مسلمان پیر صاحبؒ کی اصل تعلیم سے واقف ہوکر عقائد و اعمال کی صحیح راہ پر چل سکیں۔ یہ ارشادات زیادہ عقائد سے اور چند فروعی اعمال سے تعلق رکھتے ہیں۔

صفحہ ۳۴-۳۸ پر بطور نمونہ حضرت پیر صاحبؒ کی چند ایسی کرامات کا تذکرہ آگیا ہے جو عقلاً و نقلاً بے سروپا ہیں۔ مگر حضرت کے عقیدتمند ہیں۔ کہ آپ کی تعلیمات کو فراموش کرکے ایسی کرامتوں میں گم ہوکر رہ گئے ہیں۔

مولانا موصوف کا یہ کارنامہ بھی دوسری تصنیفات کی طرح قابل تحسین ہے اور عوام کے لئے بہت مفید ہے۔

قارئین رحیق سے امید ہے کہ اس کی اشاعت میں پوری پوری دلچسپی لیں گے۔

**خدائی وعدہ** | سائز کتابی صفحات ۳۶۰۔ قیمت مجلد -/۸/۳

شائع کردہ۔ کارخانہ تجارت کتب۔ آرام باغ کراچی۔

یہ کتاب مصر کے مشہور ادیب ڈاکٹر طہٰ حسین کی تصنیف الوعد الحق کا اردو ترجمہ ہے جس کو جناب معراج محمد صاحب بارق نے پہلے ماہنامہ "تذکرہ" میں بالاقساط شائع کیا اب اسے نظر ثانی

© rasailojaraid.com